سوال

ناصر نام رکھنا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ ناصر نام رکھنا کیسا ہے ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وہ صفات جو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے اندر رکھ دی ہیں مثلاً سمع ، بصر ، مالک ہونا ، وغیرہ اور یہی صفات اللہ تعالیٰ میں بھی موجود ہیں لیکن بندے اور اللہ تعالیٰ کی صفات میں فرق یہ ہے کہ مخلوق کی صفات ناقص ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ کی صفات کامل ہیں اس لئے مخلوق کی صفات کو اللہ کی صفات پر محمول نہیں کیا جاسکتا ہے ۔ ناصر یعنی مدد کرنے والا اللہ تعالیٰ کی بھی صفت ہے اور مخلوق کی بھی جب اس کی اضافت ناصر کی طرف کی جائے جیسے عبدالناصر تو یہاں ناصر سے مراد اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات ہوگی اور اگر کسی شخص کو ناصر کہہ دیا جائے تو اس سے مراد مخلوق کی صفت کا حامل ناصر ہوگا ۔ ان ہر دو تفریق کے ساتھ ناصر نام رکھا جاسکتا ہے تاریخ اسلام میں بھی ہمیں ناصر نام کے سینکڑوں علماء وراویان ملیں گے ۔

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ